سالک، چراغ حسن حسرت، مہاشہ کرشن، سید حبیب، مرتضیٰ احمد خاں میکش، اظہر امرتسری، حاجی لق لق، ابو صالح اصلاحی اور مجید لاہوری کی تصویر کشی کی گئی ہے

کتاب ٹائپ میں بہت اچھے معیار پر طبع کی گئی ہے

تاریخ طبری حصہ دوم | تصنیف: ابو جعفر محمد بن جریر الطبری۔ ترجمہ: محمد ابراہیم۔ ایم۔ اے۔ شائع کردہ نفیس اکیڈمی، کراچی۔ قیمت مجلد پندرہ روپے۔ صفحات ۵۴۶۔

اس مشہور و معروف کتاب کی جلد اوّل کے ترجمے پر تبصرہ ترجمان القرآن میں شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کی دوسری جلد کا ترجمہ ہے۔ یہ حصہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پورے دورِ خلافت اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے ابتدائی حالات پر محیط ہے۔ اس میں فتنہ مانعین زکوٰۃ اور فتنۂ ارتداد کے پورے واقعات ملتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس میں حضرت ابوبکر صدیق کے نظامِ عدل اور نظامِ مملکت کی پوری تفصیلات سامنے آتی ہیں۔ پھر فتوحات عراق و شام اور جنگ یرموک میں مسلم مجاہدین کی سرفروشیوں کا ذکر بھی بڑی شرح و بسط کے ساتھ کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اسلامی تاریخ کا ایک بیش قیمت خزینہ ہے مگر اس خزینے میں لعل و جواہر کے ساتھ ساتھ بہت سے سنگریزے بھی موجود ہیں۔ اس لیے اس کا مطالعہ بصیرت کے ساتھ کرنا چاہیے۔

تعلیم الاسلام (بزبان انگریزی) حصہ اوّل، دوم، سوم، چہارم | تالیف: علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب۔ مترجم: ڈاکٹر محمود قادری صاحب۔ نظر ثانی: جناب خالد میاں صاحب۔ شائع کردہ: شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار لاہور۔

تعلیم الاسلام کا یہ مفید سیٹ ایک عرصے سے مسلمان بچوں اور بچیوں کو اسلام کی ابتدائی تعلیمات سے روشناس کرنے کے لیے استعمال ہو رہا ہے۔ اس کے چاروں حصوں کا مطالعہ کرنے سے دین کے بنیادی مسائل سے کسی قدر واقفیت ہو جاتی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اس سیٹ کا انگریزی ترجمہ ہے

اگر ان کتابچوں کی افریقی مسلمانوں اور یہاں کے انگریزی سکولوں کے طلباء میں اشاعت کی جائے تو یہ سلسلہ کافی حد تک مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ پہلے اور دوسرے حصے کی قیمت ا روپیہ، تیسرے کی ڈیڑھ روپیہ اور چوتھے کی سوا دو روپے ہے۔

نورالاسلام (انگریزی) زیر ادارت جناب علامہ علاؤ الدین صدیقی صاحب۔ سالانہ چندہ، پاکستان کے لیے دس روپے اور بیرونی ممالک کے لیے چار ڈالر یا ایک پونڈ سٹرلنگ۔ مرکز اشاعت: ورلڈ مشن آف اسلام۔ اسلامک سنٹر، شاہ چراغ، دی مال، لاہور (مغربی پاکستان)

یہ مفید ماہنامہ غیر مسلموں کو اسلام سے روشناس کرانے اور مسلمانوں کو دین کی بنیادی تعلیمات سے بہرہ مند کرنے کے لیے جاری کیا گیا ہے۔ مضامین میں خاصا تنوّع اور اُن کا اندازِ بیان بڑا ہلکا پھلکا ہے۔ انگریزی میں مسلمانوں کے ہاں اس وقت جو تبلیغی ادب شائع ہو رہا ہے اُس میں یہ مجلہ قابلِ قدر اضافہ ہے۔

عزیز بھٹی شہید تالیف: اصغر علی گھرال ایڈووکیٹ۔ شائع کردہ: مکتبہ الوکیل، گجرات۔

میجر عزیز بھٹی مرحوم پر، جنہوں نے ۱۹۶۵ء میں بھارت کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے میں محاذِ جنگ پر جان کی بازی لگا دی، بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ لیکن جس جامعیت کے ساتھ جناب اصغر علی گھرال صاحب نے اُن کی زندگی کی جیتی جاگتی تصویر پیش کی ہے وہ اُنہی کا حصّہ ہے۔ کتاب کو پڑھتے ہوئے یُوں محسوس ہوتا ہے کہ ہم ایک زندہ انسان کے خیالات اُس کی اپنی زبان سے سُن رہے ہیں، اس کے طرزِ عمل اور اس کی بھرپور زندگی کی حرکات و سکنات کا مشاہدہ خود اپنی آنکھوں سے کر رہے ہیں۔ کتاب کا اندازِ بیان دلچسپ، واقعات کی تصویر کشی مسحور کن اور حالات کی ترتیب عمدہ ہے۔ اسے پڑھ کر مرحوم کی نہ صرف شخصیت کا ہر گوشہ سامنے آجاتا ہے بلکہ اُس کے ساتھ محبت اور احترام کا گوناگوں تعلق بھی قائم ہو جاتا ہے۔